عید پر لاک ڈاؤن، چڑیا گھر اور ذو سفاری کو لاکھوں روپے کا خسارہ

مجموعی طور پر صرف داخلہ فیس کی مد میں 70 لاکھ کے قریب آمدن ہوتی تھی

لاہور (رب نواز خان) عید پر لاک ڈاؤن پارکس، تفریح گاہیں اور سیاحتی مقامات بند ،لاہور چڑیا گھر اور ذو سفاری کو لاکھوں روپے کا خسارہ ،عید کے دنوں میں ریکارڈ سیاح آتے تھے۔ لاک ڈاؤن کی صورتحال ایسے ہی رہے تو اداروں کے مالی دوالیہ ہونے کا خدشہ ہے۔ عید کے ہفتے میں کم وبیش ایک لاکھ سیاح لاہور چڑیا گھر اور ذو سفاری کا دورہ کرتے ہیں جس سے مجموعی طور پر صرف داخلہ فیس ی مد میں 70 لاکھ کے قریب آمدن ہوتی ہے۔ تاہم اس بار لاک ڈاؤن کے باعث چڑیا گھر اور ذو سفاری کو بدترین مالی خسارے کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عید کے دنوں میں چڑیا گھر میں 80 سے 90 ہزار سیاح آتے ہیں جس سے چڑیا گھر لاہور کو 50 سے 60 لاکھ کے قریب آمدن ہوتی تھی۔ اسی طرح ذو سفاری میں 15 سے 20 ہزار سیاح آتے تھے جس سے ذو سفاری کو 15 سے 18 لاکھ آمدن ہوتی تھی جبکہ کینٹین، پارکنگ، گھڑ سواری، اونٹ سواری سمیت دیگر ذرائع سے آمدن ہوتی تھی۔ انتظامیہ نے بتایا ہے کہ محکمہ سے فنڈز کی اپیل کر رہے ہیں جس سے مالی مسائل حل ہو سکیں گے۔